وزیراعظم کی فرانس کی قومی اسمبلی کے صدر سے ملاقات

14جولائی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 14 جولائی 2023 کو فرانس کی قومی اسمبلی کی صدر محترمہ ایل برون پیوٹ (Yaël Braun-Pivet) اور اسمبلی کی سینئر قیادت سے ان کی سرکاری رہائش گاہ ہوٹل ڈی لاسے پیرس میں دوپہر کے کھانے پر ملاقات کی۔

دونوں رہنماؤں نے جمہوریت، آزادی، مساوات اور بھائی چارے کی مشترکہ اقدار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے دونوں پارلیمانوں کے درمیان تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

فرانسیسی فریق نے ہندوستان کے وسیع انتخابی عمل کی ستائش کی۔ بات چیت میں تجارت اور معیشت، ماحولیات، ٹیکنالوجی اور ثقافت سمیت اسٹریٹجک شراکت داری کے مختلف ستونوں کا بھی احاطہ کیا گیا۔ انہوں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

پیرس
جولائی 2023 14